حدیث: ”صدقہ مال کو گھٹاتا نہیں ہے، بندہ کے عفو و درگزر سے کام لینے سے اللہ اس کی عزت کو مزید بڑھاتا ہے اور جو آدمی اللہ کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے، اللہ تعالی اسے بلندیوں سے نوازتا ہے“۔

زمرہ: فقہ و اصولِ فقہ . فقہِ عبادات (عبادات سے متعلق شرعی مسائل) . زکوۃ . نفلی صدقہ .

عن أبي هريرة رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:
«مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ، وَمَا زَادَ اللهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا، وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللهُ».
[صحیح] - [رواه مسلم] - [صحيح مسلم: 2588]

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا :
”صدقہ مال کو گھٹاتا نہیں ہے، بندہ کے عفو و درگزر سے کام لینے سے اللہ اس کی عزت کو مزید بڑھاتا ہے اور جو آدمی اللہ کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے، اللہ تعالی اسے بلندیوں سے نوازتا ہے“۔
[صحیح] - [رواه مسلم] - [صحيح مسلم - 2588]

شرح

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ صدقہ مال کو گھٹاتا نہیں ہے، بلکہ اسے بلا و مصیبت سے محفوظ رکھتا ہے اور بدلے میں صدقہ کرنے والے کو بڑی بھلائی عطا کرتا ہے۔ اس طرح دیکھا جائے تو مال میں اضافہ ہوا، کمی نہیں۔
انتقام لینے اور گرفت کرنے کی طاقت ہونے کے باوجود عفو و درگزر سے کام لینے سے انسان کے طاقت و عزت میں اضافہ ہوتا ہے۔
جب کوئی اللہ کی رضا جوئی کے لیے تواضع اور انکساری کا رویہ اختیار کرتا ہے، اس میں کسی کا خوف، کسی کو خوش کرنے اور کسی سے کسی منفعت کا حصول جیسی باتیں پیش نظر نہیں ہوتیں، تو بدلے میں اللہ تعالی اسے بلندی اور عزت عطا کرتا ہے۔

حدیث کے کچھ فوائد

1. **خیر وبھلائی اور کامیابی وکامرانی شریعت کی پیروی اور نیکی کے کام کرنے میں ہے، اگرچہ کچھ لوگ اس کے برخلاف سوچیں۔**

زمرے

- فقہ و اصولِ فقہ . فقہِ عبادات (عبادات سے متعلق شرعی مسائل) . زکوۃ . نفلی صدقہ

Русский Türkçe Français বাংলা ئۇيغۇرچە Indonesia Español English عربي

Hausa Kurdî Tagalog Tiếng Việt فارسی 中文 हिन्दी සිංහල Bosanski

日本語 Deutsch ไทย မြန်မာ தமிழ் Kiswahili తెలుగు മലയാളം Português

नेपाली Кыргызча ગુજરાતી Nederlands አማርኛ Svenska Shqip অসমীয়া پښتو

Română Kinyarwanda тоҷикӣ Soomaali Српски دری Lietuvių Yorùbá

Wolof ಕನ್ನಡ Oromoo Italiano Fulfulde Malagasy Moore Čeština Magyar

Lingala ქართული Українська O‘zbek Akan Ελληνικά Azərbaycan Български

Kurmancî Yao Kirundi मराठी ਪੰਜਾਬੀ Bambara ភាសាខ្មែរ Македонски